USAID
FROM THE AMERICAN PEOPLE

Aurat Foundation

میڈیکولیگل آفیسر کے لیے اہم باتیں

وار اگینسٹ ریپ عورت فاؤنڈیشن کے صنفی مساوات پروگرام کے تحت امریکہ کے ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) اور امریکی عوام کے تعاون سے کراچی میں صنفی تشدد سے متاثرہ خواتین کو اداروں کے نظام کو بہتر بناتے ہوئے محفوظ مقام مہیا کرنا اور ان کو بااختیار بنانے کے منصوبے کا آغاز کر چکا ہے۔

متاثرہ فرد کو معائنے سے پہلے تیار کرنے کے لیے میڈیکولیگل آفیسر کو درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

میڈیکولیگل معائنے کے لیے اہم اقدامات

بطور میڈیکولیگل آفیسر آپ، متاثرہ فرد کو اس بات کی یقین دہانی کروائیے کہ آپ یہاں متاثرہ فرد جو کہ اس وقت ذہنی وجسمانی تکلیف دہ مرحلے سے گزر رہا ہے، کی ہر ممکن مدد کے لیے موجود ہیں۔ معائنہ کرنے سے پہلے درج ذیل اہم اقدامات کا خیال رکھنا چاہیئے۔

☆-اس بات کا اطمینان کرلیں کہ معائنہ کے لیے مخصوص اور محفوظ جگہ کا انتظام کیا جائے۔

☆اپنا تعارف کروائیے اور متاثرہ فرد سے پوچھئے کہ آپ اس کی کیسے مدد کر سکتے ہیں۔

☆اس بات کا اطمینان کر لیجیے کہ متاثرہ فرد کو یہ معلوم ہے کہ وہ یہاں کیوں لایا گیا۔

☆متاثرہ فرد کو ہر ایک مرحلے کے بارے میں تفصیل سے بتائیں کہ اس معائنہ کے دوران کیا کیا ہوگا، یہ معائنہ کیوں ضروری ہے، اور یہ معائنہ اس کے علاج اور کیس میں کس قدر معاون ثابت ہوسکتا ہے۔

☆متاثرہ فرد کو اس بات کا اطمینان دلائیے کہ متاثرہ فرد سے لی گئی تمام معلومات پوشیدہ اور راز میں رکھی جائے گی۔

☆متاثرہ فرد سے پوچھئے کہ اس کیس یا معائنہ سے متعلق کوئی بھی سوال اگر ان کے دماغ میں ہے تو وہ پوچھ سکتے ہیں۔

☆متاثرہ فرد سے پوچھئے کہ اگر وہ کسی قابل بھروسہ فرد کو دوران معائنہ اپنے ساتھ رکھنا چاہتے ہیں تو اس فرد کی موجودگی کو یقینی بنائیے۔

☆تمام بیان کو ایک دفعہ دوبارہ پڑھ لیجیئے اور متاثرہ فرد سے اقرار نامہ دستخط کروالیجئے۔

معائنہ کے کمرے میں لوگوں کی تعداد محدود ہونی چاہیے۔

☆جلد سے جلد معائنہ کو مکمل کرنے کی کوشش کیجئے۔

☆معائنے کے دوران متاثرہ فرد کو اس کی مرضی کے خلاف کچھ بھی کرنے پر دباؤ مت ڈالیے۔

☆متاثرہ فرد کے جسم پر موجود تشدد کے نشانات، زخم اور دیگر تفصیلات لازمی درج ہونی چاہئے۔

☆متاثرہ فرد کو اس بات کا احساس دلائیں کہ اگر وہ کسی بھی قسم کی پیشہ وارانہ سماجی، نفسیاتی اور قانونی مشاورت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو درج ذیل اداروں سے رابطہ کر سکتے ہیں:

طبی معائنے کے لیے مندرجہ ذیل ہسپتالوں سے رابطہ کیا جاسکتا ہے:

۱۔سول ہسپتال ۲۔جناح ہسپتال ۳۔عباسی شہید ہسپتال

مندرجہ ذیل اداروں سے مدد بھی لی جاسکتی ہے جن میں:

۱۔ وار اگینسٹ ریپ: آفس نمبر ۱۰۲، پرل کریسٹ، ۱۸ سی، ۴ کمرشل لین، زمزمہ بلیوارڈ، ڈی ایچ اے، فیز ۴، کراچی۔ رابطے کے لیے نمبر ۲۱۳۵۸۳۰۹۰۳

۲۔روشنی ہیلپ لائن: بی ۱۳، تھرڈ فلور، الاحمد مینشن، بلاک ۱۳ بی گلشن اقبال، کراچی۔ رابطے کے لیے نمبر ۰۸۰۰۸۰۹۰۰

۳۔سندھ ہیومن رائٹس کمیشن: کمرہ نمبر ۴۰۸ اور ۴۱۴، سندھ سیکریٹریٹ، بلڈنگ نمبر ۳، کمال اتاترک روڈ، کراچی۔ رابطے کے لیے نمبر ۰۲۱۱۹۹۲۱۷۳18

۴۔ ہینڈز: ۱۴۰ سی، بلاک ۲، پی سی ایچ ایس کراچی۔ رابطے کے لیے اس نمبر ۱۱۱۶۶۶۳۳۳

۵۔پناہ شلٹر ہوم: پروجیکٹ آف پناہ ٹرسٹ، سٹریٹ نمبر ۶، بلاک نمبر ۱۰، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ رابطے کے لیے نمبر ۳۶۳۶۰۰28 یا ۳۶۳۶۰۰25

۶۔بنت فاطمہ اولڈ ہوم: ہاؤس نمبر ۱۹۰، خیابان اتحاد، سٹریٹ نمبر ۴۲، فیز ۶، ڈی ایچ اے، کراچی۔ رابطے کے لیے نمبر ۰۳۲۱۱۲۰۷۰۴۶۳

۷۔ایم این سی ایچ: نیشنل میٹرنل اینڈ چائلڈ ہیلتھ پروگرام، نیول ہائٹز، کالاپل، ڈی ایچ اے کراچی۔ رابطے کے لیے نمبر ۰۲۱۳۵۲۲۴۳91 یا ۰۲۱۳۵۶۵۰۶۴۷

یہ اشاعت وار اگینسٹ ریپ نے عورت فاؤنڈیشن کے صنفی مساوات پروگرام کے تحت امریکہ کے ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) کے تعاون سے شائع کی۔ اس کے مندرجات وار اگینسٹ ریپ کی ذمہ داری ہے اور ان کا عورت فاؤنڈیشن، یو اس ایڈ یا امریکی حکومت کے خیالات کا عکاس ہونا ضروری نہیں۔

GEP
Gender Equity Program صنفی مساوات پروگرام

WAR
SINCE 1989